26867-صرف "اللہ" کے نام کا ذکر کرنا

سوال

کیا ذکر کے لیے اللہ کے نام یا انگلیاں یا تسبیح استعمال کرنا بدعت شمار ہوتا ہے، یعنی اللہ اللہ اللہ یا ہو ہو ہو دین میں بدعت شمار ہوتا ہے، کیونکہ اسکی کوئی دلیل نہیں ؟

پسندیدہ جواب

تسبیح استعمال کرنے کے متعلق سوال کا جواب سوال نمبر (3009) کے جواب میں دیا گیا آپ اس کا مطالعہ کریں.

رہا مسئلہ صرف لفظ جلالہ "اللہ" کا بالتکرار ذکر کرنا مشروع نہیں، اور نہ ہی یہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے بلکہ صحابہ کرام سے بھی ثابت نہیں ہے، اگر یہ کام اچھا اور بہتر ہوتا تو صحابہ کرام اس میں سبقت لے جاتے.

اور پھر ساری بھلائی و خیر تو سلف رحمہ اللہ کی اتباع میں ہے، اور ہر قسم کی برائی بعد میں آنے والوں کی بدعات پر عمل کرنے میں ہے.

مستقل فتوی کمیٹی کے علماء کرام سے درج ذیل سوال کیا گیا:

اگر کوئی شخص "یا لطیف" کا ورد کرے تو اس کا حکم کیا ہے ؟

کمیٹی کے علماء کرام کا جواب تھا:

"اس کا ثبوت نہیں ملتا، بلکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

"جس کسی نے بھی ہمارے اس دین میں نیا کام نکالا جو اس میں سے نہیں تو وہ مردود ہے"

اور ایک روایت میں ہے:

"جس کسی نے بھی کوئی ایسا عمل کیا جس پر ہمارا حکم نہیں تو وہ مردود ہے" اھ

دیکھیں: فتاوی اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء (379/2).

سائل کا یہ قول: وہ صرف "ہو ہو ہو" کا ذکر کرتے ہیں..

انہوں نے اپنی بدعات میں یہ اضافہ کیا ہے کہ وہ اللہ کا ذکر ایسے نام کے ساتھ کرتے ہیں جو اللہ نے اپنا نام نہیں رکھا، اس لیے کہ "ھو" اللہ کے ناموں میں شامل نہیں ہے.

دیکھیں: فتاوی اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء (185/2).

واللہ اعلم.